LUCKY CORE INDUSTRIES

Lucky Core Industries Limited
5 West Wharf, Karachi 74000

T +92 21 3231 3717-22
UAN 111 100 200

www.luckycore.com

نیوز ریلیز

لکی کورانڈسٹریز نے 31 دسمبر 2024 کوختم ہونے والی ششماہی کے نتائج کا اعلان کردیا

کراچی، 29 جنوری 2025

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے بعد لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') نے 31 دسمبر 2024 کوختم ہونے والی ششماہی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کردیا ہے۔

مالیاتی جھلکیاں

- مربوط بنیاد پر، زیرجائزہ ششماہی کے لئے 62,246 ملین روپے کی خالص مجموعی فروخت، گزشتہ سال کے اسی عرصے (SPLY) کے مقابلے میں 4% زیادہ ہے۔ جاری آپریشنز سے مجموعی منافع 9,400 ملین روپے رہا، جو SPLY کے مقابلے میں 16% زیادہ ہے۔
- مربوط بنیاد پر، ششماہی کے لئے 6,301 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع (PAT) گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 25% زائد جبکہ ہولڈنگ کمپنی کے مالکان کی جانب سے 68.23 روپے کی فی حصص آمدنی (EPS) بنیادی طور پر بہتر آپریٹنگ کارکردگی کی وجہ سے SPLY کے مقابلے میں 25% زیادہ ہے۔
- انفرادی بنیاد پر، زیرجائزہ ششماہی کے لئے PAT اور EPS بالترتیب 6,218 ملین روپے اور 67.33 روپے، SPLY سے 23% زیادہ ہیں۔

بورڈ نے 30 جون 2025ء کوختم ہونے والے مالی سال کے لیے 340% فیصد یعنی 10 روپے والے ہر شیئر پر 34 روپے فی شیئر کی شرح سے عبوری نقد منافع منقسمہ دینے کی منظوری دی ہے۔

نتائج کے اعلان کے بعد ایل سی آئی کے چیف ایگزیکٹیو آصف جمعہ نے کہا کہ "ایل سی آئی اپنے متنوع پورٹ فولیو اور طویل المدت وژن کی بنیاد پر چیلینجنگ ماحول میں لچک پذیری کا مظاہرہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ کمپنی لاگت میں کمی، آمدنی کے نئے ذرائع کی شناخت اور اسٹیک ہولڈرز کے منافع میں اضافہ کرنا جاری رکھے گی، جو ہمیں طویل مدتی کامیابی اور پائیدار ترقی کی سمت لے جائے گا۔''

لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ کے بارے میں:

لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ پاکستان میں قائم ایک معروف مینوفیکچرنگ اور ٹریڈنگ کمپنی ہے جو متنوع کاروبار پر مشتمل ہے: پولیسٹر، سوڈا ایش، کیمیکلز، ایگری سائنسز، فارماسیوٹیکلز اور انیمل ہیلتھ۔ ان کاروباروں کے ذریعے کمپنی پولیسٹر اسٹیپل فائبر (PSF)، سوڈا ایش، جنرل اور اسپیشلٹی کیمیکلز، فارماسیوٹیکل، نیوٹراسوٹیکل، انیمل ہیلتھ پراڈکٹس اور زرعی مصنوعات (بشمول کیمیکلز، فیلڈ کراپ بیج، سبزیوں کے بیج اور مزید بہت کچھ) سمیت مصنوعات کی ایک وسیع رینج تیار اور ان کی تجارت کرتی ہے۔ نیوٹریشن کے شعبے میں کمپنی سے وابستہ ذیلی کمپنی نیوٹری کو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ مقامی طور پر مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ، جاپان کی مصنوعات پاکستان میں تیار، درآمد، مارکیٹ اور تقسیم کرتی ہے۔

لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ یونس برادرز گروپ (YBG) کا حصہ ہے، جو سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والے اور نمو پذیر پاکستانی گروپوں میں سے ایک ہے، جس کے کاروبار کا وسیع پورٹ فولیو ہے، جس میں درج ذیل شامل ہیں، تاہم یہ صرف انہی تک محدود نہیں: سیمنٹ، ٹیکسٹائلز، پاور جنریشن اور کموڈیٹی ٹریڈنگ۔

مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی وزٹ کریں: www.luckycore.com

مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی رابطہ کریں:

لیلیٰ بھاٹیہ باوانی
کمپنی سیکرٹری

لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ
021-111-100-200
Laila.Bawany@luckycore.com